| الرقم | الأبواب والفصول | الصفحة |
|---|---|---|
| ٣. | مَحَبَّةُ الْغَنَمِ لِلنَّبِيِّ ﷺ<br>﴿حضور ﷺ کے ساتھ بکریوں کی محبت کا بیان﴾ | ٥٩ |
| ٤. | مَحَبَّةُ الظَّبْيَةِ لِلنَّبِيِّ ﷺ<br>﴿حضور ﷺ کے ساتھ ہرنیوں کی محبت کا بیان﴾ | ٦٧ |
| ٥. | مَحَبَّةُ الْفَرَسِ لِلنَّبِيِّ ﷺ<br>﴿حضور ﷺ کے ساتھ گھوڑوں کی محبت کا بیان﴾ | ٧٠ |
| ٦. | مَحَبَّةُ الْحِمَارِ لِلنَّبِيِّ ﷺ<br>﴿حضور ﷺ کے ساتھ دراز گوش کی محبت کا بیان﴾ | ٧٤ |
| ٧. | مَحَبَّةُ الأَسَدِ لِلنَّبِيِّ ﷺ<br>﴿حضور ﷺ کے ساتھ شیر کی محبت کا بیان﴾ | ٧٨ |
| ٨. | مَحَبَّةُ الذِّئْبِ لِلنَّبِيِّ ﷺ<br>﴿حضور ﷺ کے ساتھ بھیڑیوں کی محبت کا بیان﴾ | ٨١ |
| ٩. | مَحَبَّةُ الْوَحْشِ لِلنَّبِيِّ ﷺ | ٩١ |

| الرقم | الأبواب والفصول | الصفحة |
|---|---|---|
| | ﴿حضور ﷺ کے ساتھ درختوں کی محبت کا بیان﴾ | |
| | اَلْبَابُ الرَّابِعُ: | |
| | مَحَبَّةُ الْجَمَادَاتِ لِلنَّبِيِّ ﷺ | ١٢٥ |
| | ﴿حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جمادات کی محبت کا بیان﴾ | |
| ١. | مَحَبَّةُ الْجِبَالِ لِلنَّبِيِّ ﷺ | ١٢٩ |
| | ﴿حضور ﷺ کے ساتھ پہاڑوں کی محبت کا بیان﴾ | |
| ٢. | مَحَبَّةُ الْأَحْجَارِ لِلنَّبِيِّ ﷺ | ١٣٨ |
| | ﴿حضور ﷺ کے ساتھ پتھروں کی محبت کا بیان﴾ | |
| | اَلْبَابُ الْخَامِسُ: | |
| | مَحَبَّةُ الْأَجْرَامِ السَّمَاوِيَّةِ لِلنَّبِيِّ ﷺ | ١٤٧ |

| الرقم | الأبواب والفصول | الصفحة |
|---|---|---|
| | ﴿حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ آسمانی مخلوق کی محبت کا بیان﴾ | |
| ۱. | مَحَبَّةُ الْمَلَائِكَةِ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۵۱ |
| | ﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ملائکہ کی محبت کا بیان﴾ | |
| ۲. | مَحَبَّةُ الْقَمَرِ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۵۷ |
| | ﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چاند کی محبت کا بیان﴾ | |
| ۳. | مَحَبَّةُ الشَّمْسِ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۶۲ |
| | ﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سورج کی محبت کا بیان﴾ | |
| ٤. | مَحَبَّةُ الْبُرَاقِ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱٦٤ |
| | ﴿حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ براق کی محبت کا بیان﴾ | |
| ٥. | مَحَبَّةُ السَّحَابِ وَالْمَطَرِ لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱٦۷ |
| | ﴿حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بادل اور بارش کی محبت کا بیان﴾ | |


www.MinhajBooks.com

اکرم ﷺ کے سرِ انور کے پاس آ کر کھڑا ہوگیا (جیسے کان میں کوئی بات کہہ رہا ہو)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُونٹ! پرسکون ہو جا۔ اگر تو سچا ہے تو تیرا سچ تجھے فائدہ دے گا اور اگر تو جھوٹا ہے تو تجھے اس جھوٹ کی سزا ملے گی۔ بے شک جو ہماری پناہ میں آ جاتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اسے امان دے دیتا ہے اور ہمارے دامن میں پناہ لینے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا۔ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ اونٹ کیا کہتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس اونٹ کے مالکوں نے اسے ذبح کر کے اس کا گوشت کھانے کا ارادہ کرلیا تھا۔ سو یہ ان کے پاس سے بھاگ آیا ہے اور اس نے تمہارے نبی کی بارگاہ میں استغاثہ کیا ہے۔ ہم ابھی باہم اسی گفتگو میں مشغول تھے کہ اس اونٹ کے مالک بھاگتے ہوئے آئے۔ جب اونٹ نے ان کو آتے دیکھا تو وہ دوبارہ حضور نبی اکرم ﷺ کے سرِ مبارک کے قریب ہوگیا اور آپ ﷺ کے پیچھے چھپنے لگا۔ ان مالکوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارا یہ اونٹ تین دن سے ہمارے پاس سے بھاگا ہوا ہے اور آج یہ ہمیں آپ کی خدمت میں ملا ہے۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میرے سامنے شکایت کر رہا ہے اور یہ شکایت بہت ہی بری ہے۔ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ کیا کہہ رہا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہتا ہے کہ یہ تمہاری پاس کئی سال تک پلا بڑھا۔ جب موسم گرما آتا تو تم گھاس اور چارے والے علاقوں کی طرف اس پر سوار ہوکر جاتے اور جب موسم سرما آتا تو اسی پر سوار ہوکر گرم علاقوں کی جانب کوچ کرتے۔ پھر جب اس کی عمر زیادہ ہوگئی تو تم نے اسے اپنی اونٹنیوں میں افزائش نسل کے لئے چھوڑ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس سے کئی صحت مند اونٹ عطا کئے۔ اب جبکہ یہ اس خستہ حالی کی عمر کو پہنچ گیا ہے تو تم نے اسے ذبح کر کے اس کا گوشت کھا لینے کا منصوبہ بنالیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا: خدا کی قسم، یا رسول اللہ! یہ بات من وعن اسی طرح ہے جیسے آپ نے بیان فرمائی۔ اس پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اچھے خدمت گزار کی اس کے مالکوں کی طرف سے کیا یہی جزا ہوتی ہے؟! وہ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! اب ہم نہ اسے بیچیں گے اور نہ ہی اسے ذبح کریں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم

جھوٹ کہتے ہو۔ اس نے پہلے تم سے فریاد کی تھی مگر تم نے اس کی دادرسی نہیں کی اور میں تم سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہوں۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے منافقوں کے دلوں سے رحمت نکال لی ہے اور اسے مومنین کے دلوں میں رکھ دیا ہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے اس اونٹ کو ان سے ایک سو درہم میں خرید لیا اور پھر فرمایا: اے اونٹ! جا، تو اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر آزاد ہے۔ اس اونٹ نے حضور نبی اکرم ﷺ کے سر مبارک کے پاس اپنا منہ لے جاکر کوئی آواز نکالی تو آپ ﷺ نے فرمایا: آمین۔ اس نے پھر دعا کی۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: آمین۔ اس نے پھر دعا کی۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: آمین۔ اس نے جب چوتھی مرتبہ دعا کی تو آپ ﷺ آبدیدہ ہوگئے۔ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ اونٹ کیا کہہ رہا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے پہلی دفعہ کہا: اے نبی مکرم! اللہ تعالیٰ آپ کو اسلام اور قرآن کی طرف سے بہترین جزا عطا فرمائے۔ میں نے کہا: آمین۔ پھر اس نے کہا: اللہ تعالیٰ قیامت کے روز آپ کی امت سے اسی طرح خوف کو دور فرمائے جس طرح آپ نے مجھ سے خوف کو دور فرمایا ہے۔ میں نے کہا: آمین۔ پھر اس نے دعا کی: اللہ تعالیٰ دشمنوں سے آپ کی اُمت کے خون کو اسی طرح محفوظ رکھے جس طرح آپ نے میرا خون محفوظ فرمایا ہے۔ اس پر بھی میں نے آمین کہا۔ پھر اس نے کہا: اللہ تعالیٰ ان کے درمیان جنگ وجدال پیدا نہ ہونے دے یہ سن کر مجھے رونا آ گیا کیونکہ یہی دعائیں میں نے بھی اپنے رب سے مانگی تھیں تو اس نے پہلی تین تو قبول فرما لیں لیکن اس آخری دعا سے منع فرما دیا۔ جبرائیل علیہ السلام نے مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دی ہے کہ میری یہ امت آپس میں تلوار زنی سے فنا ہوگی۔ جو کچھ ہونے والا ہے قلم اسے لکھ چکا ہے۔‘‘

اس حدیث کو امام ابن ماجہ نے روایت کیا ہے جیسا کہ امام منذری کہتے ہیں۔

أَدْرِي كَمْ مِنْ مَرَّةٍ ثُمَّ وَكَلْتُ بِهَا إِنْسَانًا وَشَغَلْتُ بِالرِّحْلَةِ فَذَهَبَتِ الْعَنْزُ فَاسْتَبْطَأَنِي رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: أَي سَعْدُ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ، إِنَّ الرِّحْلَةَ شَغَلَتْنَا فَذَهَبَتِ الْعَنْزُ فَقَالَ: إِنَّ الْعَنْزَ ذَهَبَ بِهَا رَبُّهَا. رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ.

''حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک سفر میں ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے، ہم نے ایک جگہ پر پڑاؤ کیا۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے سعد! اُس بکری کی طرف جاؤ اور اس کا دودھ دوھ کر لاؤ۔ میں اس مکان سے واقف تھا اور اس میں کوئی بکری نہیں تھی۔ (حضور نبی اکرم ﷺ کے حکم پر) میں اس مکان کی طرف آیا اور اچانک دیکھا کہ اس میں ایک دودھ سے بھرے ہوئے تھنوں والی بکری ہے۔ میں نے اس کا دودھ دوہا اور میں نہیں جانتا کہ کتنی بار دوہا۔ پھر میں نے اس بکری کی ذمہ داری ایک شخص کو سونپی اور خود سفر میں مشغول ہو گیا۔ وہ بکری (وہاں سے) چلی گئی۔ مجھے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہونے میں تاخیر ہوگئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے سعد! میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بے شک سفر نے ہمیں مشغول کر دیا اور بکری چلی گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا بے شک بکری کو اس کا مالک لے گیا ہے۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے روایت کیا ہے۔

١٨/١٨. عَنِ ابْنَةٍ لِخُبَابٍ رضي الله عنهما قَالَتْ: خَرَجَ أَبِي فِي غَزَاةٍ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَتَعَاهَدُنَا فَيَحْلِبُ عَنْزًا

١٨: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٣٢٢/٦، الرقم: ٣١٧٦١، وأحمد بن حنبل في المسند، ١١١/٥، الرقم: ٢١١٠٨، والطبراني في المعجم الكبير، ١٨٧/٢٥، الرقم: ٦٤٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣١٢/٨۔

